Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | اتوار، 29 ستمبر 2024ء ، 24 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 176

پاکستان کی خوشحالی کے بارے میں کبھی امید نہیں چھوڑنا، سربراہ پاک فوج

معاشرے میں مایوسی پیدا کرنے کی ناکام کوششوں کو اجتماعی کاوشوں سے شکست دی گئی، پاکستان مختلف شعبوں میں غیر معمولی صلاحیت رکھتا ہے

پاکستان کے روشن مستقبل پر سب کو غیر متزلزل اعتماد ہونا چاہیے، کراچی کی کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر

سکیورٹی بلاک ایڈوڈیپلمنٹ اور ڈائرکٹر آف طیل فارن لینڈ پر انفلس کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) سربراہ پاک فوج جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان کی خوشحالی کے بارے میں کبھی امید نہیں چھوڑنا، کراچی کی کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے دورہ کراچی کے دوران تاجر برادری کے ساتھ ملاقات کی۔ اس موقع پر سعیشت کے حوالے سے تاجر برادری کے ساتھ اہم امور (بقیہ نمبر 1)

ایک نجی کمپنی کا ہیلی کاپٹر شمالی وزیرستان قبائلی ضلع گر کر تباہ

چھ افراد ہلاک، آٹھ زخمی، ہیلی کاپٹر میں دو غیر ملکی پائلٹ سمیت چودہ مسافر سوار تھے

ہیلی کاپٹر میں دو غیر ملکی پائلٹ سمیت چودہ مسافر سوار تھے، سرکاری ذرائع

اسلام آباد/شمالی وزیرستان (این این آئی) ایک نجی کمپنی کا ہیلی کاپٹر شمالی وزیرستان کے شدید کے علاقے میں گنجیئی ترابی کی وجہ سے گر کر تباہ ہوا ہے (بقیہ نمبر 2)

سرکاری ذرائع کے مطابق نجی کاپٹر شمالی وزیرستان کے علاقے گنجیئی ترابی میں گر کر تباہ ہو گیا، جس میں چھ افراد ہلاک ہوئے ہیں

سٹرکوں پر کوڑا کرکٹ پھینکنے والوں کو جرمانے کرنے کا حکم

اگر سڑکوں پر لین کی پابندی ہو گی تو آدھی آلودگی ختم ہو جائے گی، جسٹس شاہد کریم

لاہور (آئی آئی پی) لاہور ہائیکورٹ نے سڑکوں پر کوڑا کرکٹ پھینکنے والوں کو بھاری جرمانے کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس شاہد کریم نے سموگ کے تدارک سے متعلق دائر درخواستوں پر سماعت کی ، دوران سماعت (بقیہ نمبر 5)

فتنہ گرگروپ کو کسی تماشے کی اجازت نہیں عظمیٰ بخاری

جب ملک کے حالات بہتر ہونے لگتے ہیں تو ان کا فتنہ فساد شروع ہو جاتا ہے، عظمیٰ بخاری کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے تحریک انصاف پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب ملک کے حالات بہتر ہونے لگتے ہیں تو ان کا فتنہ فساد شروع ہو جاتا ہے، فتنہ گروپ کو راولپنڈی میں کسی (بقیہ نمبر 4)

ٹمبر مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن کا آغاز

جی آئی ایس، ڈرون، تھرمل ٹیکنالوجی کیمروں سے نگرانی کی جائے، سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی ہدایت

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی ہدایت پر ٹمبر مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ماحول دوست ویژن کے تحت درختوں کی غیر قانونی کٹائی اور خرید و فروخت (بقیہ نمبر 3)

26 رکنی سٹیئرنگ کمیٹی قائم

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر سیاحت کے فروغ، ترقی کیلئے

سینیٹر پرویز رشید کی خصوصی نامزدگی، مریم اورنگزیب چیف منسٹر سٹیئرنگ کمیٹی آن پنجاب ٹورازم پروموشن اینڈ ڈویلپمنٹ کی کنوینر ہوگی

وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ زاہد بخاری، وزیر تعمیر و مواصلات صہیب احمد ملک، وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر اور ایم این اے افضل کھوکھر کمیٹی کے ممبر ہونگے

سٹیئرنگ کمیٹی سیاحت کیلئے موزوں تاریخی، مذہبی، ثقافتی اور تجارتی مقامات کی اپ گریڈیشن سے متعلق سفارشات پیش کرے گی

چیف منسٹر سٹیئرنگ کمیٹی سیاحت کے فروغ میں حائل رکاوٹوں کو ختم اور سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کر کے 15 دن میں سفارشات پیش کر یگی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں سیاحت کے فروغ کیلئے اہم اعلان۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سیاحت کے فروغ اور ترقی کے لئے 26 رکنی سٹیئرنگ کمیٹی قائم کر دی گئی۔ سینئر وزیر رشید کو چیف منسٹر سٹیئرنگ کمیٹی برائے پنجاب ٹورازم پروموشن اینڈ ڈویلپمنٹ کی کنوینر مقرر کیا گیا۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب چیف منسٹر سٹیئرنگ کمیٹی کے لیے خصوصی نامزد کیا گیا۔ سینئر منسٹر مریم اورنگزیب چیف منسٹر سٹیئرنگ کمیٹی آن پنجاب ٹورازم پروموشن اینڈ ڈویلپمنٹ ہوگی۔ وزیر اطلاعات (بقیہ نمبر 8)

وفاقی وزارت داخلہ کے ترجمان کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سیاحت کے فروغ اور امور دہشت گردی سے متعلق مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر متفاق خیال کیا گیا۔ نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے مابین بہتر تعلقات کو مزید وسعت دینے کے لیے پر عزم ہیں، جاپان اقوام (بقیہ نمبر 9)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری اور وزیر صحت خواجہ عمران نذیر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نواز اور مریم سے جاپان کے سفیر کی ملاقات

مختلف شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال

پاکستان اور جاپان کے مابین بہترین تعلقات کو مزید وسعت دینے کے لیے پر عزم ہیں، صدر (ن) لیگ

تعلیم، صحت، بشری سہولیات کی بہتری میں جاپان کا تعاون لائق تحسین ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کی گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے جاپان کے سفیر مشہیرو ہیرا نے ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے مابین بہتر تعلقات کو مزید وسعت دینے کے لیے پر عزم ہیں، جاپان اقوام (بقیہ نمبر 9)

سیکرٹری اطلاعات ڈی جی آر کو اگلے ہفتے تک تمام ادائیگیاں کلیئر کرنے کا ٹاسک

ڈیجیٹل میڈیا ونگ کا پراسس جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت، ڈی جی آر میں خالی آسامیاں جلد پر کرنے کا فیصلہ

حکومتی منصوبوں کی تفصیلات عوام تک بروقت پہنچانے کے لیے ڈی جی آر کو متحرک ہونا پڑے گا، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری نے سیکرٹری اطلاعات ظاہر رضا ہمدانی اور ڈی جی آر آرکائیو ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز غلام صغیر سے ملاقات کی۔ عظمیٰ بخاری نے سیکرٹری اطلاعات وثقافت ظاہر رضا ہمدانی اور ڈی جی آر آرکائیو ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز غلام صغیر سے ملاقات کی۔ عظمیٰ بخاری نے وزارت اطلاعات وثقافت کو اگلے ہفتے تک تمام ادائیگیاں کلیئر کرنے کا ٹاسک دیا۔ عظمیٰ بخاری نے وزارت اطلاعات وثقافت کو ہدایت کی کہ حکومتی منصوبوں کی تفصیلات عوام تک بروقت پہنچانے کے لیے بھرپور اقدامات کریں۔ وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ڈی جی آر کو متحرک ہونا پڑے گا (بقیہ نمبر 10)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری سے نئے تعینات ہونے والے سیکرٹری اطلاعات ظاہر رضا ہمدانی اور ڈی جی آر غلام صغیر نے ملاقات کر رہے ہیں

ماڈل روڈز پروڈ ورکشوں کا داخلہ بند کرنے کے لئے کریک ڈاؤن تیز

لاہور (این این آئی) ماڈل روڈز پروڈ ورکشوں کا داخلہ بند کرنے کے لئے کریک ڈاؤن تیز کرنے کا حکم دیدیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق شہریوں کے لئے سفر محفوظ بنانے کے لئے مال روڈ، جیل روڈ، کینال روڈ، مین بلیوارڈ گلبرگ میں لوڈر ورکشوں کا داخلہ بند کر دیا گیا اب آئندہ ماڈل روڈ میں ایمبولینس و دیگر سامان بلڈی سے باہر لوڈ کرنے (بقیہ نمبر 11)

مخصوص نشستوں کے فیصلے پر ممکنہ درآمد کا معاملہ، تحریری حکم نامہ جاری

چیف الیکشن کمشنر کو آئندہ سماعت پر جواب جمع کروانے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے مخصوص نشستوں کے فیصلے پر ممکنہ درآمد کے متعلق گزشتہ سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا جس میں چیف الیکشن کمشنر (بقیہ نمبر 20)

چیئرمین نیشنل سید یوسف رضا گیلانی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی ملاقات کر رہے ہیں

خلیل الرحمن پنی ٹریپ کیس، وکلا حتمی بحث کے لئے طلب

انسداد دہشت گردی عدالت نے کیس کی سماعت 5 اکتوبر تک ملتوی کر دی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے رائٹر خلیل الرحمٰن پنی ٹریپ کیس میں وکلا کو حتمی بحث کے لیے طلب کر لیا۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت (بقیہ نمبر 21)

پارلیمنٹ قانون سازی اور ترامیم کا سب سے بڑا ادارہ ہے

خواجہ محمد آصف نے کشمیر، فلسطین اور دہشت گردی کا مسئلہ عالمی فورم پر کھل کر اٹھانے پر وزیر اعظم کی تعریف

افغان سرزمین پاکستانی علاقوں میں حملوں اور دہشت گردی پھیلانے کے لیے استعمال ہو رہی ہے، وزیر دفاع کی گفتگو

خیبر ایک (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کشمیر، فلسطین اور دہشت گردی کا مسئلہ عالمی فورم پر کھل کر اٹھانے پر وزیر اعظم کی تعریف کی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے عالمی رہنماؤں کو دہشت گردی کے حوالے پر پاکستان کے ساتھ افغانستان کے بڑھتے ہوئے مسائل سے آگاہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پاکستان کے مختلف حصوں میں مقیم لاکھوں افغان مہاجرین کو بے مثال مدد فراہم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر رجسٹرڈ افغان باشندوں کو اپنے ملک واپس جانا (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، پاکستان تحریک انصاف کے احتجاجی مظاہرے کی کال پر مریڑ چوک میں کنٹینر لگے ہوئے ہیں

آج آمریت سے بھی بدترین دور ہے، مسرت جمشید چیمہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ حکومت کو پی ٹی آئی کے احتجاج کا اتنا خوف ہے کہ راولپنڈی کو کنٹینروں کا شہر بنا دیا گیا۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پورے شہر کے راستوں پر کنٹینرز رکھ کر راستہ بند کر دیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 5)

وزیر اعظم کا اقوام متحدہ جنرل اسمبلی خطاب، وزیر اعلیٰ کا خراج تحسین

شہباز شریف نے بھارت کو جارحیت کا منہ توڑ پیغام دیکر جرات مندانہ اقدام کیا، ہر پاکستانی کے جذبات کی بھرپور ترجمانی کی

پاکستان اہل کشمیر اور فلسطین کے ساتھ تھا، ہے اور ہمیشہ رہے گا، پاکستان مسلمان کی حکومت نے ہمیشہ کشمیر کا مقدمہ ہر عالمی فورم پر پیش کیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے اقوام متحدہ جنرل سے خطاب کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے اہل فلسطین کا مقدمہ شاندار طریقے سے پیش کیا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ہر پاکستانی کے جذبات کی بھرپور ترجمانی کی۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی، الیکشن آفیسر کیلئے آج ہونے والا امتحان ملتوی

راولپنڈی کے امیدواروں کو امتحان کی نئی تاریخ سے متعلق تحریری طور پر آگاہ کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت اسلام آباد سے متعلق ضمرہ راولپنڈی میں الیکشن آفیسر کی خالی اسامیوں کے لیے تحریری امتحانات کے حوالے سے اہم خبر سامنے آئی ہے۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق راولپنڈی کے امتحانی مراکز میں (آج) اتوار کو ہونے والا (بقیہ نمبر 16)

آزاد میڈیا ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ناگزیر ہے، ایاز صادق

قومی اسمبلی ملک میں آزادی اظہار رائے کے تحفظ کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ آزاد میڈیا ملک کی ترقی اور خوش حالی کے لیے ناگزیر ہے۔ ورلڈ نیوز ڈے پر اپنے پیغام میں انہوں نے میڈیا اداروں، صحافیوں اور صحافتی تنظیموں کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 7)

کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر افتخار احمد شیخ ایس ایف ایم کے ہمراہ ای سی آئی کے دوران ڈائرکٹر جنرل سندھ ڈاکٹر اقبال بلوچ کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کار کی ٹکر سے شوہر جاں بحق، بیوی زخمی

مجرمہ شاہدہ بیگم (این این آئی) تیز رفتاری کے باعث کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار میاں بیوی کو گھر سے شوہر جاں بحق، بیوی زخمی ہو گئی تفصیلات کے مطابق ڈاکوں بیس کو آر کے قریب اسماعیل نائی تھانہ اپنی بیوی کو رانی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر اپنے گھر جا رہا تھا کہ اچانک تیز رفتار کار نے ٹکر مار دی ٹکر اتنی زبردست تھی ک

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے باک آواز
ABC
ڈکلیریشن نمبر: 9-ایف-ایس-ایس-ایم-ایم-ایم

1 لقیہ

زیر بحث کہا ہے۔ آزیٹ چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ میں ایک سال پہلے آپ سب لوگوں سے مخاطب تھا اور آج آپ سے مخاطب ہوں یا ہوں گنا ہ خوفناک ہے۔ سربراہ پاک فوج نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کا راستہ بند کرنے والے ہمیں اپنے کیمپ چھوڑنا ہوں گے انہوں نے کہا کہ معاشرے میں مایوسی پیدا کرنے کی ناکام کوششوں کو اپنے کاندھوں سے شکست دی گئی، پاکستان مخلص ہے اور پاکستان میں غیر معمولی صلاحیت رکھتا ہے۔ آرمی چیف سید عاصم منیر نے کہا کہ ہم پاکستان اور اسلامیت کے دشمنوں کو شکست دیں گے انہوں نے کہا کہ ہم اپنا جائزہ مقام حاصل کرنا چاہتا ہے۔ آرمی چیف نے کہا کہ پاکستان کی ترقی میں کراچی سرمایہ سے سنگلاخ پر قابو پانے سے حیثیت پر مثبت اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ ہم دوست ممالک پاکستان میں امن و سلامتی چاہتا ہے اور مقصد عرب امارات کی جانب سے پاکستان کی سرمایہ کاری میں تعاون کا کھلی حمایت کی ہے انہوں نے کہا کہ گوگل سٹار لنک اور دیگر بڑی ٹیکنالوجی کمپنیاں پاکستان میں سرمایہ کاری کر رہی ہیں، جنرل عاصم منیر نے کہا کہ کاروباری برادری کے تعاون کے بغیر یہ کامیابیاں ممکن نہ تھیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ریفرنس تحقیق پر سب کو غیر جانبدار اتحاد ہونا چاہیے۔ آرمی چیف نے کراچی کی کاروباری برادری کو یقین دہانی کرائی کہ فوج کراچی سرکلر جس کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔ کراچی کی کاروباری برادری کو کراچی کی ترقی کا راستہ روکنے والے کسی کو نہیں چھوڑیں گے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ کاروباری برادری کے تحفظات کو دور کرنے کے لیے ہم کوشش کریں گے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ کاروباری برادری کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم کراچی کو ترقی دینے کے لیے کام کریں گے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ کراچی کو ترقی دینے کے لیے ہم

پی ٹی آئی کارکنوں اور پولیس میں جھڑپیں علاقہ میدان جنگ بن گیا

پی ٹی آئی کارکنوں اور پولیس کے مابین جھڑپوں کے دوران آنسو گیس کی شیلنگ، کارکنوں نے کنٹینرز ہٹا دیئے، مزید نفری طلب

مری روڈ، لیاقت باغ، راول روڈ سمیت شہر کے اہم مقامات اور راستے بند، سرکاری دفاتر میں حاضری معمول سے کم رہی

راولپنڈی اسلام آباد (این این آئی) احتجاج کیلئے آنے والے پی ٹی آئی کارکنوں اور پولیس کے درمیان جھڑپیں ہوئیں جس سے علاقہ میدان جنگ بن گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پی ٹی آئی کارکنوں کی جانب سے راولپنڈی میں مختلف چوک پر لگے کنٹینرز ہٹا دیے گئے، اس موقع پر کارکن شدید نعرے بازی کر رہے تھے۔ غوثیہ انصاف کے کارکنوں کی بڑی تعداد کمیٹی چوک سے لیاقت باغ کی جانب مارچ کر رہی تھی۔ پولیس کی جانب سے کارکنوں کو منتشر کرنے کے لیے شیلنگ کر دی گئی، جس کے بعد علاقہ میدان جنگ بن (بقیہ نمبر 28)

2 رکنی بائیک لفٹر گینگ گرفتار، 6 مسروقہ موٹر سائیکل

راولپنڈی (این این آئی) سی ون ڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر کے 6 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق سی ون ڈی پولیس کی کارروائی کرتے ہوئے 2 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں علی رضا اور نوید شامل ہیں، ملزمان سے 6 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوئے۔ ایس پی (بقیہ نمبر 30)

نشیات فروشوں کیخلاف کارروائیاں، 5 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے نشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے چرس اور شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق منددہ پولیس نے ملزم فیاض سے 01 کلو 460 گرام چرس، ویسٹرج پولیس نے ملزم ہارون الورے سے 360 گرام چرس، ایئرپورٹ پولیس نے ملزم راشق محمود سے 550 گرام چرس، واہ کینٹ پولیس نے ملزم ذیشان سے 580 گرام چرس، آرے بازار پولیس نے ملزم (بقیہ نمبر 31)

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث زوار گینگ کے 3 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث زوار گینگ کے 3 ملزمان گرفتار کر کے چھینا گیا موٹر سائیکل اور 2 موبائل فون برآمد کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث زوار گینگ کے 03 ملزمان کو گرفتار (بقیہ نمبر 34)

آل پاکستان انجمن تاجران کی سپریم کونسل کے چیئرمین خیم میر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وزیراعظم کا خطاب امت مسلمہ کے جذبات کی ترجمانی تھی

وزیراعظم نے اسرائیلی جارحیت کی بھرپور مذمت کی، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (شاہد عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ ایران / وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کے 79 ویں اجلاس میں خطاب کے حوالے سے بیان وزیراعظم شہباز شریف کا اقوام متحدہ کی 79 ویں جنرل اسمبلی سے خطاب پوری امت مسلمہ کے جذبات کی بھرپور ترجمانی تھی۔ وزیراعظم پاکستان نے فلسطین اور لبنان میں اسرائیلی جارحیت، انسانیت (بقیہ نمبر 41)

تھانہ پنڈ دادن خان میں کھلی کچہری کا انعقاد

تمام علاقوں سے خواتین سمیت عوام کی کثیر تعداد میں شرکت

پنڈ دادنخان (مرفراز عباس سے) تھیلیسیمیا کیساتھ پنڈ دادنخان تھانہ میں ڈی پی او جہلم ناصر باجوہ کی جانب سے ڈی پی او جہلم مریم نواز کے حکم پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھچوڑہ سمیت گردونواح کے تمام علاقوں سے عوام کی کثیر تعداد نے خواتین سمیت اس میں شرکت کی اور اپنی شکایات پیش کیں جن کے ازالے کے لیے فوری طور پر رابطہ جاری کیے گئے جبکہ کھچوڑہ میں نشیات کیس کے شکایات کنندگان کی شکایت پر ڈی ایس پی سٹی جہلم (بقیہ نمبر 42)

چیئرمین پاکستان علماء کونسل پیکر ڈی جنرل انٹرنیشنل تنظیم مرمین پیڈ ٹیچرز کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

8 کروڑ روپے کی لاگت سے جھنگی دائم روڈ شروع

ایم پی اے چوہدری خیم اعجاز نے وزیراعلیٰ سے خصوصی گرانٹ منظوری کروائی

مسلم لیگی رہنما ڈاکٹر احمد علیاء راجپوت اور دیگر معززین نے ترقیاتی کاموں کا افتتاح کر دیا خرچ کیے جائیں گے۔ گزشتہ روز مسلم لیگ (ن) ضلع راولپنڈی کے سینئر نائب صدر یونین کونسل چک بیلی خان تھلی اے کے کنوینر ڈاکٹر احمد علیاء راجپوت نے ایک تقریب میں خصوصی دعا کے ساتھ ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر احمد علیاء نے کہا کہ یہ پاکستانی کمیونٹی کے منتخب افراد سے ملاقات کا مقصد کیا ہے۔ پاکستانی کمیونٹی کے منتخب افراد سے میڈیا کو اعتماد میں لیا جائے اور پاکستانی کمیونٹی (بقیہ نمبر 3)

وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کو داس چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر محمد علی پنجاب یونیورسٹی لیگل کالج آف فینانس اینڈ ٹیکس کے زیر اہتمام کالو ویکشن میں سوونیر جاری کر رہے ہیں

نوتعینات SDPO رانا محمود الحسن کی سرکل کے SHO,s تفتیشی افسران کیساتھ میٹنگ

سنگین مقدمات کے اشتہاری کی گرفتاریوں میں تیزی لائی جائے چوری ڈکیتی کی وارداتوں کی روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی اپنائی جائے

تفتیشی افسران سنگین مقدمات کی تفتیش پر خصوصی توجہ دیکر میرٹ کو یقینی بنائیں شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے

گوجر خان (قمر شہزاد) ایس ڈی پی او گوجر خان رانا محمود الحسن کی ڈی ایس پی آفس میں کرائم میٹنگ جس میں سرکل کے ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران نے شرکت کی ڈی ایس پی نے فرداً فرداً تمام تفتیشی افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اس موقع پر انھوں نے کہا کہ سنگین مقدمات میں طوث ملزمان کو گرفتار کر کے (بقیہ نمبر 35)

کہوٹہ پولیس کی کارروائی، شہری کو قتل کرنیوالا ملزم گرفتار

قتل جیسے سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، ایس پی صدر

راولپنڈی (این این آئی) کہوٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے معمولی تلخ کلامی پر شہری کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم اشفاق نے بتایا کہ میں کہوٹہ میں مکرا کھیلنے پر اسرار کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے ملزم اشفاق کو گرفتار کر لیا، ملزم نے بتایا کہ میں کہوٹہ میں مکرا کھیلنے پر اسرار کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ چند روز قبل معقول کے مطابق (بقیہ نمبر 36)

شہباز شریف نیویارک کے بعد واپس لندن پہنچ گئے

مصروفیات کے باعث امریکا میں وزیراعظم کے طے شدہ پروگرامز پر عمل نہ ہو سکا

لندن (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ اقوام متحدہ کے دوران کچھ مصروفیات کو عمل جامہ نہ پہنایا جا سکا۔ وزیراعظم کی مصروفیات کے وجہ سے امریکی میڈیا کو انٹرویو اور پاکستانی کمیونٹی سے ملاقات کا طے شدہ پروگرام منسوخ کرنا پڑا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستانی کمیونٹی کے منتخب افراد سے ملاقات کا مقصد کیا ہے۔